صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعۃ المبارک مورخہ 19 دسمبر 2003ء بمطابق 24 شوال 1424 ہجری صبح دس بجکر پچیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بخت جہان خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

قُلْ أَطِيعُوا۟ ٱللَّهَ وَأَطِيعُوا۟ ٱلرَّسُولَ ۖ فَإِن تَوَلَّوْا۟ فَإِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُم مَّا حُمِّلْتُمْ ۖ وَإِن تُطِيعُوهُ تَهْتَدُوا۟ ۚ وَمَا عَلَى ٱلرَّسُولِ إِلَّا ٱلْبَلَٰغُ ٱلْمُبِينُ o وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ مِنكُمْ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِى ٱلْأَرْضِ كَمَا ٱسْتَخْلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ ٱلَّذِى ٱرْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِى لَا يُشْرِكُونَ بِى شَيْـًٔا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْفَٰسِقُونَ صَدَقَ ٱللَّهُ ٱلْعَظِيمِ۔

(ترجمہ): کہہ دو کہ خدا کی فرمانبرداری کرو اور رسول خدا کے حکم پر چلو۔ اگر منہ موڑو گے تو رسول پر (اس چیز کا ادا کرنا) جو ان کے ذمے ہے اور تم پر (اس چیز کا ادا کرنا) ہے جو تمہارے ذمے ہے اور اگر تم ان کے فرمان پر چلو گے تو سیدھا رستہ پالو گے اور رسول کے ذمے تو صاف صاف (احکام خدا کا) پہنچا دینا ہے جو لوگ تم میں سے ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان سے خدا کا وعدہ ہے کہ ان کو ملک کا حاکم بنادے گا جیسا ان سے پہلے لوگوں کو حاکم بنایا تھا اور ان کے دین کو جسے اس نے ان کے لئے پسند کیا ہے مستحکم و پائیدار کرے گا اور خوف کے بعد ان کو امن بخشے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے اور میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بنائیں گے۔ اور جو اس کے بعد کفر کرے تو ایسے لوگ بدکردار ہیں و آخِرُ الدَّعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ۔

محترمہ فرح عاقل شاہ: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب سپیکر: فرح عاقل شاہ صاحبہ۔

محترمہ فرح عاقل شاہ: تھینک یو سر۔ سر! میں سینیئر وزیر سراج الحق صاحب سے پوچھنا چاہونگی کہ سٹی نمبر 3 سکول سکینڈل کے بارے میں کیا ہوا جس کو سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کیا گیا تھا اور جس کی میں ممبر تھی اور جس کے اوپر ہمیں یہ کہہ کر چپ کرادیا گیا کہ اس پر FIR Lodge ہو گی اور ان لوگوں کو جن کو آپ لوگوں نے Suspend کر دیا ہے، ان کے خلاف Legal proceedings ہوں گی، ان کو پولیس کے حوالے کیا جائے گا۔ دو مہینے گزرنے کے باوجود کچھ بھی نہیں ہوا اور جہاں تک میری Knowledge ہے، جو مجھے پتہ چلا ہے کہ اس کو سرد خانے میں ڈال دیا گیا ہے۔ سر! تو کیا اگر سب کچھ اسی طرح ہونا تھا تو پھر اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کیوں کیا گیا تھا، سر؟ اس ساری کارروائی کا کیا فائدہ ہوا، یہ جو ہم لوگ سکول میں گئے اور تین تین بار انکوائریز اس کے اوپر ہوئی ہیں؟ جب اس کا کوئی ریزلٹ سامنے نہیں آنا تھا، جب آپ نے ان چوروں کو، ان مجرموں کو گھر بیٹھے تنخوالیں دینی تھیں تو یہ سارا ڈرامہ کرنے کی ضرورت کیا تھی؟ اور میں یہ بھی پوچھنا چاہوں گی کہ ان ساری Proceedings کے دوران ہمارے وزیر تعلیم کہاں غائب تھے؟ چار دن تک ہم اسمبلی میں آتے رہے ہیں، ایک دن بھی انہوں نے آکر اس میں شرکت کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی۔ ان کو یہ نہیں لگا کہ یہ ان کے ڈیپارٹمنٹ کا مسئلہ ہے، ان کو آنا چاہیے۔ مجھے اس کا جواب چاہیے۔

جناب سراج الحق (سینیئر وزیر): بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ بہت شکریہ۔ جناب سپیکر! محترمہ بہن نے جس مسئلے پر بات کی ہے اور آغاز کیا ہے تو میں نے چند دن پہلے وزیر تعلیم سے اس کیس کے بارے میں پوچھا تھا اور جس طرح ان کو احساس ہے ایک مسلمان اور غیر تمند صوبہ سرحد کے باسی کی حیثیت سے، ہم سب کو اس کا احساس ہے اور حقیقت یہ ہے کہ بعض مسائل ایسے ہوتے ہیں کہ ان کے واقعہ ہونے سے پورے صوبے کی، علاقے کی، سماج کی اور معاشرے کی بدنامی ہوتی ہے اور ہم اس پر یقین رکھتے ہیں کہ اس طرح کے معاملات کا جو بھی ذمہ دار ہو، اس کو قرار واقعی سزا ہونی چاہیے۔ مجھے وزیر تعلیم نے بتایا ہے کہ ہم نے اس میں قانونی تقاضے پورے کرنے ہیں تاکہ کسی کیساتھ ناانصافی نہ ہو اور جو واقعی مجرم ہوں، ان کو صحیح

سزا مل جائے۔ آپ کے سوال سے مجھے اندازہ ہوا کہ آپ درد محسوس کرتی ہیں تو میں مناسب سمجھوں گا کہ اس پر ذرا مزید ان سے یعنی ڈیپارٹمنٹ سے معلومات لے کر اپنی محترمہ بہن سے بات کر لوں۔

محترمہ فرح عاقل شاہ: سر! درد اس لئے محسوس کرتی ہوں کہ یہ ہمارے بچوں کے مستقبل کی بات ہے۔

جناب سپیکر: وزیر تعلیم سے ان شاءاللہ بات ہو گی۔

سینیئر وزیر: میں Agree کرتا ہوں۔

محترمہ فرح عاقل شاہ: سر! یہ سارا معاملہ بہت Crystal clear ہے۔ اس میں کوئی شک کی گنجائش ہے ہی نہیں کہ وزیر تعلیم یہ کہہ رہے ہیں کہ کسی کے ساتھ ناانصافی نہ ہو جائے تو ایسی کوئی بات ہے ہی نہیں، وہ لوگ Identify ہو چکے ہیں سر، اور ان کو Severe سے Severe سزا ملنی چاہیے۔ ان کو Suspend کرنا کوئی سزا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جی، انور کمال خان صاحب۔

مسئلہ کشمیر کے متعلق صدر پاکستان کا اخباری بیان

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر صاحب! میں آپ کا مشکور ہوں۔ بڑے افسوس سے مجھے کہنا پڑتا ہے جناب والا، آپ آج کے اخبارات اگر اٹھا کر دیکھیں تو جنرل مشرف صاحب کا بیان کشمیر کے حوالے سے آیا ہے۔ پاکستان کی پچپن سالہ تاریخ میں کشمیر کے حوالے سے ہمارا ایک اصولی موقف رہا ہے اور ساری عمر اسی Claim پر ہم ڈٹے رہے ہیں۔ کشمیر میں ہمارے مجاہدین بھائیوں نے آج تک، اس پچپن سالہ عرصے میں جتنی قربانیاں دی ہیں، ہم سمجھتے ہیں کہ ان کے ایک بیان سے کہ وہ اپنے اصولی موقف سے دستبردار ہیں۔ میرے خیال میں اس سے ان ستر اسی ہزار شہیدوں، جنہوں نے اپنا خون دے کر کشمیر میں جہاد کے نام پر اپنا ایک اصولی موقف اپنایا ہوا تھا تو اس یوٹرن لینے سے میرے خیال میں پاکستان کے جتنے بھی لوگ ہیں، ان کو ایک صدمہ ضرور پہنچا ہو گا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ایک اصولی موقف ہے اور اس اصولی موقف کے لئے پاکستان اور ہمارے مسلمانوں نے خون بہایا ہے۔ میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ عالمی دباؤ کی وجہ سے ہماری وہ تنظیمیں جو کشمیر میں آزادی کے لئے جدوجہد کر رہی تھیں، آج مرکزی حکومت نے ان تنظیموں کو بھی ختم کر دیا ہے۔ جناب والا! اس عالمی دباؤ کے تحت انہوں نے جو کچھ افغانستان میں مسلمانوں کے ہاتھوں

مسلمانوں کو قتل کر کے، اپنے ہاتھ مسلمانوں کے خون سے رنگا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ Tendency، یہ Trend، یہ پالیسی اگر رہی تو پاکستان اس سے پہلے بھی دنیائے عالم میں بالکل Isolate ہو کر رہ گیا ہے اور مزید اگر ہماری یہ پالیسیاں رہیں، ہم چار جنگیں ہندوستان کے ساتھ اس اصولی موقف کے لئے لڑ چکے ہیں، آج اگر آپ کی عسکری قیادت کشمیر کا مسئلہ حل کرنا چاہے تو کشمیر کا مسئلہ باعزت طریقے سے بھی حل ہو سکتا ہے۔ کوئی بھی یہ نہیں کہے گا کہ آپ کشمیر پہ لڑائی کریں۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ Negotiations اور Across the table بیٹھ کر آپ اس کے فیصلے کریں لیکن آپ اپنے اصولوں کے دائرے میں رہ کر وہ فیصلے کریں۔ پچپن سال تک اگر ہم ان قراردادوں کے حق میں بات کرتے رہے ہیں اور کشمیریوں کے لئے حق خودارادیت کے دعوے کرتے رہے ہیں تو آج کیا وجہ ہے کہ آپ اپنے اسی اصولی موقف سے دستبردار ہو کر اپنے لئے نئے راستے کھول رہے ہیں؟ جناب والا! اس بیان سے ہمیں، حقیقت یہ ہے کہ بڑا افسوس ہوا ہے لیکن آپ ساتھ ساتھ ہمارے پرائم منسٹر صاحب کے بھی بیان دیکھیں کہ وہ خود کہتے ہیں کہ جی سلامتی کونسل کی قراردادیں ہی مسئلہ کشمیر کا حل ہیں، تو ایک طرف صدر پاکستان کی یہ Statement اور دوسری طرف وزیراعظم پاکستان کی یہ Statement، تو اس سے آپ خود اندازہ لگائیں کہ ہم کس سمت اور کس رخ پہ جا رہے ہیں۔ شکریہ جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو جی۔ بشیر احمد بلور صاحب! ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں۔

<u>جناب بشیر احمد بلور:</u> میں آپ کا مشکور ہوں سپیکر صاحب۔ انور کمال خان ډیرے ښے خبرې اوکړے جی خو زما ریکویسټ دا دے چې مونږه د صدر پرویز مشرف د بیان حمایت نه کوؤ خو مونږ دا وایو چې دا مسئله خبرو اترو باندې حل شی خو دا یو یادګیرنه ورکومه چې دوئ د دا سوچ اوکړی چې د کارګل کوم وخت واقعه شوې وه، د هغې په سر خو نواز شریف صاحب کورته لاړو او هغه یعنی نواز شریف صاحب هم دا غوښته چې په خبرو اترو باندې دا مسئله حل شی او هغه صدر صاحب اوس چې هغوې وائی چې "کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے" نو هندوستان وائی چې "کشمیر اٹوٹ انگ ہے" نو دا فیصله خو نه شی کیدے کنه نو د لچک مظاهره به کیږی نو هله به Across the table دا فیصله کیږی او چې مونږ دا اوایو چې دا په قراردادونو اوشی نو بیا نواز شریف ولے هغوې سره دلته

مذاکرات کولو او دا ئے وائیل چې مونږ په Table باندې خبره کوو نو دا دنیاوی مسئلے ، انټرنیشنل مسئلے چې دی، دا نن دنیا چې دا اکنامک وار Economic war ته ځی، نن دنیا د Conventional wars او د جنګونو حامل نه ده چې هغې کښې جنګونه اوشی نو زمونږ خو دا ایمان دے زمونږ دا پالیسی ده نن نه، پنځوس کالونه چې مونږ وایو په خبرو اترو باندې مسئله حل شی او بیا دا شمله معاهده چې ده، دا Endorse کړې ده نیشنل اسمبلئ، زمونږ پالیمنټ Endorse کړې ده۔ شمله معاهده دا ده چې Across the table خبرې اوکړی او یا قراردادنو ذکر په هغه کښې هم نیشته نو زمونږ دا مقصد دې چې مونږ که په قراردادنو باندې Insist اوکړو او هغوې په اټوټ انګ باندې Insist کوی نو بیا خو دا فیصلے نه کیږی نو زما دا خیال چې فارن پالیسی ده چې مرکز کښې Discuss شی۔ نو زمونږ دا موقف دے چې دا په خبرو اترو حل شی نو ښه خبره ده۔

<u>Mr. Speaker</u>: Next Questions Hour-----

<u>جناب جمشید خان</u>: جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

<u>جناب جمشید خان</u>: د یو اقلیتی ممبر والد صاحب حق رسیدلے دے ، مړ دے ، د هغې تاسو څنګه مناسب ګنړئ چې هغوې سره تعزیت اوشی او په څه طریقه سره ئے کوئ-----

<u>جناب سپیکر</u>: قاری محمود صاحب! اقلیتی ممبر----

<u>جناب جمشید خان</u>: تعزیت څه طریقه باندې تاسو چې څه مناسب ګنړئ چې هغه طریقه باندې ورسره تعزیت اوکړے شی۔

<u>جناب سپیکر</u>: بس تاسو اوکړئ دعا۔

(شور)

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

قاری محمود (وزیر زراعت): بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ دا جی زمونږ یو معزز ممبر اسمبلی دے او د هغوی په غم کښې مونږه برابر شریک یو او دے تعزیت کښې مونږه بالکل شریک یو۔

Mr. Speaker: Questions Hour-----

(Interruption)

پشاور شہر میں آتشزدگی کا واقعہ

محترمہ زبیدہ خاتون: جناب سپیکر صاحب! پشاور شہر کے وسط میں شدید آتشزدگی کا جو ایک المناک واقعہ پیش آیا ہے، اس کی طرف میں آپ کی توجہ دلانا چاہتی ہوں کہ یہ ایک انتہائی افسوسناک واقعہ ہے اور اس کی بنیادی وجہ فائر بریگیڈ کا ناقص سامان اور فائر بریگیڈ کی گاڑیاں ہیں جو وہاں پینتالیس منٹ تاخیر سے پہنچیں، ایک تو یہ وجہ ہے۔ اور دوسری فائر بریگیڈ کے محکمے کے پاس جو گاڑیاں ہیں، وہ تیس سال پرانی گاڑیاں ہیں اور ان کے پائپ میں جگہ جگہ سے سوراخ ہوئے ہیں۔ تو میری آپ کے توسط سے محکمہ لوکل باڈیز سے استدعا ہے کہ وہ اس کی طرف توجہ دیں اور اس بات پر غور کریں کیونکہ یہ انسانی جان ومال کا مسئلہ ہے۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان (قائد حزب اختلاف): سر! ہماری معزز خاتون ممبر صاحبہ نے اس طرف توجہ مبذول کروائی ہے۔۔۔

جناب سپیکر: ایک خاتون اور کھڑی ہیں، وہ بھی کچھ کہنا چاہتی ہیں۔ بشیر بلور صاحب نے آپ کو دیکھ کر Chair کو مخاطب نہیں کیا اور انہوں نے خود فیصلہ کیا کہ لیڈر آف اپوزیشن کھڑے ہو گئے ہیں۔

قائد حزب اختلاف: انہوں نے مہربانی کی ہے سر۔ تو میں ذرا، اب انہوں نے مہربانی کی ہے تو آپ بھی کر دیں۔ اب میں خاتون ممبر صاحبہ سے درخواست کروں گا کہ آپ ویسے بھی مہربانیاں کرتے ہیں۔

جناب انور کمال خان: میرے خیال میں جناب والا! آپ بھی اپنے اصولی موقف سے دستبردار ہو رہے ہیں، لیڈیز فرسٹ، کا آپ نے کہا تھا تو کم از کم ان کو پھر موقع دیں، اگر وہ کوئی بات کرنا چاہتی ہیں۔ (تالیاں)

قائد حزب اختلاف: اچھا سر! میں جناب انور کمال صاحب کا مشکور ہوں کہ کبھی تو انہوں نے ایک اچھی بات کی ہے تو میں یہ بات مان لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جی، سلمی بابر صاحبہ۔
محترمہ سلمی بابر: شکریہ آپ کا۔ محترم سپیکر صاحب جیسا کہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: اسی موضوع پر ہے؟
محترمہ سلمی بابر: معزز اراکین صاحبان نے کشمیر کے بارے میں جو کچھ مؤقف اختیار کیا ہے۔
جناب سپیکر: وہ بات تو مطلب ہے، وہ تو۔۔۔۔۔۔
محترمہ سلمی بابر: میں ان کی حمایت کرتی ہوں کیونکہ یہ ہم تمام مسلمانوں کا متحدہ ایک مسئلہ ہے جس کے لئے ان لوگوں نے قربانیاں دی ہیں تو مسئلہ کشمیر سلامتی کونسل کی قرار دادوں کے مطابق حل ہونا چاہئے ۔اس کے لئے میں خود بھی قربانی دینے کے لئے تیار ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جناب شہزادہ گستاسپ خان صاحب۔
قائد حزب اختلاف: سر! انہوں نے یہ توجہ ہاؤس کی دلوائی ہے آپ کی وساطت سے۔ سر، یہ جو فائر بریگیڈ کا نظام ہے، پشاور جو کہ مرکزی شہر ہے، ہمارا پراونشل کیپیٹل ہے، اسی میں اگر ان چیزوں کا فقدان ہے تو ہم باہر سے کیا توقع رکھیں گے؟ اسی طرح سے سر، پچھلے مہینے مانسہرہ ڈسٹرکٹ میں بٹل کے مقام پہ اور خاکی کے مقام پر، اسی طرح آگ لگی، لوگوں کا ڈھیروں نقصان ہوا، پشاور میں ہوا، مختلف اضلاع میں ہوتا ہے، یہ بندوبست نہ ہونے کے برابر ہے۔ اس طرف پہلے کوئی خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی لیکن سر، یہ ایک بہت اہم مسئلہ ہے جس کی طرف توجہ دینی چاہئے، جس کا نوٹس لینا چاہئے کیونکہ لوگ بیروزگار ہو جاتے ہیں، تباہ ہو جاتے ہیں، پھر سے انہیں کاروبار سیٹ کرنے میں عمریں بیت جاتی ہیں تو میں آپ کی وساطت سے حکومت سے درخواست کروں گا کہ اس کی طرف بھرپور توجہ دیں سر۔
جناب سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔
جناب بشیر احمد بلور: زه به هم يو دوه خبرې اوکړم۔نو بيا سراج الحق د جواب ورکړی۔ که اجازت وی؟
جناب سپیکر: بالکل۔

جناب بشیر احمد بلور: بنه ما خو دا عرض کولو چې څنګه شهزاده صاحب او زمونږ خور خبره اوکړله، اصل خبره دا ده چې دا پیښنور ښار کښې پرون چې کوم واقعه شوې ده، سپیکر صاحب،دا Due to electricity fault شوې وه۔ زما به دا خواست وی د حکومت نه او تاسو نه چې مهربانی اوکړی، Personally د پیسکو چیئرمین سره په ټیلی فون باندې خبرې اوکړئی او ورته او وائی چې دا زیاتے شوې دے او واپډا یا زمونږ صوبائی حکومت ته توجه، زه تاسو ته دا حلفیه وائیم جی چې ډیر غریب خلق دی پکښې،چې د چا دوکانونه او دا یو خو پکښې اخبار کښې راغلے دی چې د شاه رخ د تره کور او سوزیدو نو شاه رخ خان خو به ډیر لوئے سړے وی او ډیر مالداره سړے به وی خو دا تره ئے ډیر غریب عاجز سړے دے او د هغه ځامن ډیر غریبانان دی۔زه به حکومت ته دا خواست اوکړم چې هغوئی ته څه مهربانی اوکړی چې څه پکښې امداد اوشی او څه فنانشل امداد اوشی۔زه به ډیر زیات مشکور یم جی۔

جناب سپیکر: سراج الحق صاحب۔

سینئر وزیر: جناب سپیکر صاحب! ضلع پشاور لوکل گورنمنټ د لسو فائر بریګیډ د پاره یو کیس مونږ ته را لیږلے دے ، نو زمونږه دا کوشش دے چې که لس نه وی نو کم از کم چې دومره ورته خواه مخواه ورکړو چې پیښنور چونکه ډیر لوئے ښار دے په هغه کښې چې داسې واقعات بند شی او تر څو چې شهزاده گستاسپ صاحب ،لیډر آف دی اپوزیشن د مانسهرے په باره کښې خبره اوکړه نو حقیقت دا دے چې مونږه کوم ځائے ته هم ځو هر ټاؤن ناظم د فائر بریګیډ د پاره یو درخواست ورکړے وی۔ټوله صوبه کښې د دې ضرورت دے۔زه اصولی طور دوئ د دې تجویز سره اتفاق کومه او باور لرم چې په را روان خپل پروګرام کښې به مونږه فائر بریګیډ اهمو مقاماتو ته شامل کړو۔محترم حاجی صاحب چې د یو کور د سوزولو واقعه بیان کړه، نو اول ځل دوئ بیان کړو که ورستو بیا چرته تفصیلات هم دوئ مهربانی اوکړی، انشاء اللّٰه مونږه به پرے ضرور همدردانه غور اوکړو۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب سپیکر: سوال نمبر 286 منجانب جناب عبدالاکبر خان صاحب، رکن صوبائی اسمبلی۔

*286_ جناب عبدالاکبر خان۔ کیا وزیر زکواۃ و عشر از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مردان کی یونین کونسلوں رستم، بازار، مچھی، چار گلی، پلو ڈھیری، جمال گڑھی، اور ساول ڈھیر میں زکواۃ کمیٹیاں قائم ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ کمیٹیوں سے زکواۃ کی تقسیم ہوئی ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) مذکورہ کمیٹیوں کی تعداد اور ہر کمیٹی سے گزشتہ تین سالوں میں جتنی زکواۃ تقسیم ہوئی ہے کی تفصیل بتائی جائے؛

(ii) مذکورہ ہر کمیٹی سے مختلف مدوں میں کن کن مستحق افراد کو زکواۃ ادا کی گئی ہے۔ ان کی تفصیل بتائی جائے؟

جناب حشمت خان (وزیر زکواۃ و عشر): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ مذکورہ یونین کونسلوں میں جو زکواۃ کمیٹیاں قائم ہیں۔ ان کے نام یہ ہیں۔

قمر گئی رستم نمبر 5 (2) قمر گئی رستم نمبر 2 (3) رستم نمبر 3 (4) چینہ رستم نمبر (5) بازار رستم (6) سرخ ڈھیری رستم (7) مچھی نمبر 1 (8) مچھی نمبر 2 (9) چار گلی (10) خیر آباد (11) جمال گڑھی نمبر 1 (12) جمال گڑھی نمبر 2 (13) پلوڈھیری نمبر 1 (14) پلو ڈھیری نمبر 2 (15) ساول ڈھیر نمبر 1 (16) ساولڈھیر نمبر 2۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے۔

(ج)۔ (i) مذکورہ کمیٹیوں کی تعداد سولہ ہے جن کے نام اوپر بیان کئے جاچکے ہیں ان زکواۃ کمیٹیوں میں گزشتہ تین سالوں میں جتنی زکواۃ تقسیم ہوئی ہے، ان کی تفصیل اسمبلی لائبریری میں برائے ملاحظہ موجود ہے۔

(ii) ان کمیٹیوں میں جن افراد کو گزارہ الاؤنس عمومی آبادکاری جہیز، اور مستقل آبادکاری سکیموں کے تحت امداد فراہم کی گئی، وسائل کی کمی کی وجہ سے ان فہرستوں کی مطلوبہ تعداد میں نقول تیار کرنا ممکن نہیں تاہم

ان فہرستوں کی نقول جناب عبدالاکبر خان معزز رکن صوبائی اسمبلی اور جناب سپیکر صاحب کو فراہم کر دی گئی ہیں۔ اگر کسی اور معزز رکن کو ان فہرستوں کی نقول کی ضرورت ہو تو انہیں بعد میں حسب خواہش فراہم کر دی جائیں گی۔

جناب عبدالاکبر خان: آج تو میرے خیال میں زکواۃ کے منسٹر صاحب نہیں ہیں تو۔

جناب سپیکر: تو کیا Defer کر دیں اس کو۔

جناب عبدالاکبر خان: بس ٹھیک ہے۔

Shahzada Muhammad Gustasip Khan : Sir! This is the collective responsibility of the Cabinet.

اگر وہ ایک منسٹر صاحب نہیں ہیں تو باقی منسٹر ز صاحبان تو بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں Mover متعلقہ منسٹر صاحب کے جواب سے ہی مطمئن ہوں گے۔

Shahzada Muhammad Gustasip Khan: The mover cannot take it back, because it's the property of the House.

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، میں نے تو Back نہیں لیا ہے۔

جناب سپیکر: Back نہیں لیا ہے۔ Defer کیا ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! میں نے تو یہ نہیں کہا کہ میں واپس لیتا ہوں لیکن منسٹر ہوں تو چین سے بات کریں گے۔ اس لیے میں کہتا ہوں۔

ایک آواز: سر! یہ حوالے کیا ہے۔

جناب سپیکر: بس جب حوالے کیا ہے تو پھر مطلب ہے، جی عنایت اللہ صاحب۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! ابھی آپ نے رولنگ دی ہے۔ Already آپ نے رولنگ دے دی ہے کہ اسے Defer کرتے ہیں، آپ کی طرف سے رولنگ آگئی ہے۔ تھینک یو جی۔

جناب سپیکر: مطلب یہ ہے کہ میں اگر Constitutionally دیکھوں اور Collective responsibility کا سہارا لے ہوں تو پھر تو۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: سر! Collective responsibility کا یہ مطلب نہیں ہوتا وہ تو Policy matters پر ہوتا ہے اور یہ تو Policy matter نہیں ہے یہ تو ڈیپارٹمنٹ کے متعلق میرا کوئسچن ہے اور جب تک Concerned Minister نہ ہو تو مجھے Detail سے جواب کون دے گا۔

جناب سپیکر: یہ تو اس کو Assign کیا ہے نا۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! جب Chair کی رولنگ آگئی ہے تو پھر تو بات ختم ہو گئی۔

جناب سپیکر: یہ تو بعد میں پتہ چلا ہے کہ۔

جناب سپیکر: اگر آپ اپنی رولنگ واپس لیتے ہیں تو ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: نہیں، مطلب یہ ہے کہ معزز منسٹر کو کہنا چاہیے تھا کہ یہ مجھے Assign کیا گیا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ کہنا چاہیے تھا لیکن انہوں نے بعد میں کہا تو مطلب ہے کہ۔۔

جناب عبدالاکبر خان: اس طرح تو جی یہ ان کا کام تھا کہ وہ کہہ دیتے کہ منسٹر صاحب نہیں ہیں، چاہیے تو یہ تھا کہ جس منسٹر کو یہ Assign کیا گیا تھا تو وہ کہہ دیتے کہ مجھے Assign کیا گیا تھا، تو وہ کہہ دیتے کہ مجھے Assign کیا گیا ہے۔ اب جب Chair سے رولنگ آگئی ہے تو It should be deferred

جناب عنایت اللہ خان (وزیر صحت): جناب سپیکر صاحب! انہوں نے بہت آہستہ سے کہا کہ Defer، بہت آہستہ سے کہا۔ میں سمجھا کہ وہ مطمئن ہو گئے ہیں۔ کیونکہ منسٹر صاحب بھی بتا رہے تھے کہ عبدالاکبر صاحب بھی مطمئن ہوں گے۔ ان کا کوئی مسئلہ نہیں رہا۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان صاحب! آپ سوال کریں جب فریش انفارمیشن آگئی ہے کہ مجھے Assign کیا گیا ہے تو مطلب ہے کہ پھر ایسا موقع نہیں آئے گا۔ آپ کے سوالات کے جوابات آئے ہیں تو میرے خیال میں آپ۔۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب! جب منسٹر نہ ہوں تو میں مطمئن نہیں ہوں اس لیے میں اس پر سپلیمنٹری نہیں کرنا چاہتا۔ ٹھیک آپ کہتے ہیں تو بس میں خاموش ہو جاؤں گا۔

جناب سپیکر: مطلب یہ ہے کہ آپ مطمئن ہیں۔ سوال نمبر 688 منجانب قاری محمد عبداللہ صاحب، رکن صوبائی اسمبلی۔ (Absent) سوال نمبر 741 منجانب شوکت حبیب، رکن صوبائی اسمبلی (Absent) سوال نمبر 744 منجانب محترمہ صابرہ شاکرہ صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی۔

*744_ محترمہ صابرہ شاکرہ: کیا وزیر زکوۃ و عشر، بہبود آبادی و وومن ڈیویلپمنٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع سوات میں ووکیشنل سنٹرز قائم ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ایک سنٹر مدین میں بھی قائم ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سنٹر کے سٹاف کی تنخواہ اور بلڈنگ کا کرایہ بھی دیا جاتا ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) مذکورہ ضلع میں کل کتنے سنٹرز قائم ہیں۔

(ii) مدین سنٹرز کی تمام تفصیلات بمعہ سٹاف اور پتہ فراہم کی جائے؟۔

وزیر زکوۃ و عشر: (الف) درست ہے۔

(ب) مدین میں محکمہ سماجی بہبود کے زیر نگرانی کوئی بھی سنٹر قائم نہیں ہے۔

(ج) چونکہ مدین میں محکمہ سماجی بہبود کے زیر نگرانی کوئی بھی سنٹر قائم نہیں ہوا۔ لہذا تمام سٹاف کی تنخواہ اور بلڈنگ کا کرایہ ادا کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

(د) ۔(i) محکمہ سماجی بہبود کے زیر نگرانی مدین میں کوئی سنٹر قائم نہیں۔ تاہم مدین میں کمیونٹی ڈیویلپمنٹ سوسائٹی مدین سوات اور ایک سنٹر کمیونٹی ڈیویلپمنٹ کونسل سوات کے تعاون سے قائم ہے۔ مذکورہ بالا دونوں NGOs محکمہ سماجی بہبود کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں۔ ان مراکز کے تمام عملہ کی تنخواہ اور بلڈنگ کا کرایہ بھی NGOs خود برداشت کرتی ہیں۔ ضلعی حکومت سوات میں محکمہ سماجی بہبود کے زیر نگرانی درجہ ذیل چھ عدد سنٹرز قائم ہیں۔ 1۔ دستکاری مرکز کبل۔ 2 دستکاری مرکز گوگدرہ۔ 3۔ دستکاری مرکز ڈاکوڑک۔ 4۔ دستکاری مرکز خوازہ خیلہ۔ 5۔ دستکاری مرکز سیدو شریف۔ 6۔ دستکاری مرکز کارکی۔ جبکہ مندرجہ ذیل 11 دستکاری مراکز مختلف NGOs کی زیر نگرانی قائم کئے گئے ہیں۔

(تفصیل ایوان کو فراہم کی گی)

(ii) چونکہ مدین میں سماجی بہبود کی زیر نگرانی کوئی بھی مرکز قائم نہیں ہے اور علاقہ میں موجود مراکز NGOs کے زیر نگرانی قائم کئے گئے ہیں جن کا اوپر د (i) میں ذکر آچکا ہے۔ بہر حال محکمہ سماجی بہبود کے زیر نگرانی قائم شدہ متذکرہ بالا ہر ایک مرکز میں مندرجہ ذیل عملہ تعینات ہے۔

1۔	این سی آئی	ایک۔	2۔	نائب قاصد	ایک
3۔	چوکیدار	ایک			

محترمہ صابرہ شاکر: سر! مجھے سمجھ نہیں آرہی کہ میں اس کو سپلیمنٹری کوئسچن کہوں یا Explanatory question کہوں۔ کیونکہ مجھے زیادہ افسوس کا اظہار ہو رہا ہے کہ انہوں نے صاف صاف لکھا ہوا ہے کہ مدین میں محکمہ سماجی بہبود کے زیر نگرانی کوئی سنٹر قائم ہی نہیں ہے۔ حالانکہ وہاں پر بورڈ بھی لگا ہوا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ وہاں بلڈنگ کا کرایہ بھی دیا جارہا ہے۔ ہاں البتہ سامان کچھ نہیں ہے اور مجھے سمجھ نہیں آتی کہ جب بورڈ لگا ہوا ہے تو پھر یہ لوگ صاف انکار کیسے کر رہے ہیں کہ مدین میں سماجی بہبود کا کوئی سنٹر ہی نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب۔

محترمہ فوزیہ فرح: سر! سپلیمنٹری کوئسچن

جناب سپیکر: جی۔

محترمہ فوزیہ فرح: سر! عام طور پر جو ووکیشنل سنٹرز ہوتے ہیں وہ پرائیویٹ بلڈنگز میں ہوتے ہیں جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتے رہتے ہیں۔ تو میرا حکومت سے یہ سوال ہے کہ کیا ان کا ارادہ ہے کہ ایسے ووکیشنل سنٹرز جو سوشل ویلیفئر ڈیپارٹمنٹ کے تحت ہوتے ہیں۔ ان کے لیے سرکاری پلاٹ خریدے جائیں کیونکہ اس طرح منتقلی سے سٹوڈنٹس کی تعداد میں بھی کمی آتی ہے۔ میرا خود کبل سے تعلق ہے اور مجھے خود پتہ ہے کہ ایک سنٹر وہاں پہ ہے۔ جو کہ پانچ جگہ منتقل ہو چکا ہے جس سے سٹوڈنٹس بھی Suffer کرتے ہیں۔ شکریہ جی۔

جناب سپیکر: جی۔

وزیر صحت: سر! انہوں نے جو سوال کیا ہے کہ کیا دوسرے ووکیشنل سنٹرز ہیں، ان کے لیے بلڈ نگز یا زمین وغیرہ خریدنا چاہتی ہیں، میں سمجھ نہیں سکا۔

جناب سپیکر: سوال یہ تھا کہ وہ کہتی ہیں کہ وہاں پر سرے سے سنٹر Exist ہی نہیں کرتا جبکہ ۔۔۔

وزیر صحت: نہیں نہیں، یہ تو میں سمجھ گیا تھا۔ دوسرا سوال میں نہیں سمجھا۔

محترمہ فوزیہ فرح: جی سر۔ سوال یہ ہے کہ ان کے لیے کوئی سرکاری پلاٹس وغیرہ کیونکہ عام طور پر ان کو پرائیویٹ بلڈ نگز میں رکھا جاتا ہے۔

وزیر صحت: جہاں تک پہلے سوال کا تعلق ہے جناب سپیکر صاحب، اس میں وضاحت کی گئی ہے کہ جو سنٹر وہاں قائم ہیں۔ شاید اس بورڈ پہ نام لکھا ہوگا "سماجی بہبود" لیکن محکمہ سماجی بہبود نہیں لکھا ہوگا۔ یہ محکمہ سماجی بہبود کا نہیں ہے۔ وہاں ایک Nongovernmental organization ہے اس کے سنٹرز ہیں اور وہ Nongovernmental organization حکومت محکمہ سماجی بہبود، سوشل ویلفیئر کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں۔ لیکن سنٹر سماجی بہبود کا نہیں ہے، سوشل ویلفیئر کا نہیں ہے۔

محترمہ صابرہ شاکر: نہیں سر۔ میں آپ کو کہہ رہی ہوں کیونکہ وہ سماجی سنٹر ہے۔ اور میں خود ان کے NGO کی ممبر بھی ہوں لیکن جس سنٹر کی میں بات کر رہی ہوں سر، وہ سنٹر باقاعدہ محکمہ کا ہے۔ وہاں بورڈ لگا ہوا ہے اور مجھے باقاعدہ کل انفارمیشن ملی ہے کہ اس کا کرایہ ابھی تک وصول کیا جارہا ہے۔

وزیر صحت: دیکھیں جی، جو Nongovernmental organization ہیں، محکمہ سماجی بہبود ان کو پیسے بھی دیتی ہے جو رجسٹرڈ ہوتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ اسی Context میں محکمہ سماجی بہبود اس کا کرایہ دے رہا ہو لیکن یہ نہیں ہے کہ یہ سنٹرز، جو محکمے نے اطلاعات فراہم کی ہیں میں تو اسی کی بنیاد پر بات کر رہا ہوں کہ جو انفارمیشن فراہم کی گئی ہے اگر ان کو اس انفارمیشن پر اعتماد نہیں ہے تو ہم مزید محکمے سے اس کی Confirmation کرلیں گے۔ مزید Confirmation کریں گے لیکن ہمیں جو انفارمیشن فراہم کی گئی ہے، اس کے مطابق یہ سنٹر محکمہ سماجی بہبود کا نہیں ہے۔ یہ ایک Nongovernmental organization کا ہے اور وہ Nongovernmental organization محکمہ سماجی بہبود کے ساتھ

رجسٹرڈ ہے اور جہاں تک میری دوسری بہن کے سوال کا تعلق ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر حکومت کے پاس وسائل ہوں تو یہ بہتر تجویز ہے اور اس پر غور ہو سکتا ہے۔

جناب سپیکر: جی، Next

جناب اسرار اللہ خان: جناب سپیکر! میرا سوال نمبر 243 تھا جو کہ ابھی آیا ہے لیکن وہ میرے خیال میں رہ گیا ہے۔

جناب سپیکر: 243

جناب اسرار اللہ خان: 743 ہے جی۔

جناب سپیکر: 743 بیچ میں رہ گیا ہے۔

جناب اسرار اللہ خان: جناب سپیکر! میرے پاس پہنچا ہے۔

جناب سپیکر: نہیں۔ یہ ہے کہ وہ آخر میں آئے گا۔

جناب اسرار اللہ خان: آخر میں؟

جناب سپیکر: ہاں۔ یہ 743 ہے۔ اسرار اللہ خان صاحب! ان کا جواب لیٹ پہنچا ہے۔ سوال نمبر 746 منجانب جناب محمد ارشد خان صاحب۔ (Absent)۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: سپیکر صاحب! ایک بات ضروری عرض کرنی ہے۔ ایک بات ضروری عرض کرنی ہے۔

جناب سپیکر: سوال نمبر 752 جناب خلیل عباس خان صاحب ۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: مجھے ایک بات ضروری عرض کرنی ہے۔ مجھے اجازت دیجئیے۔

جناب سپیکر: مولانا مجاہد صاحب! اس کے بعد میں آپ کو اجازت دوں گا۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: میں بشیر بلور صاحب کو امن مشن سے واپسی پر مبارکباد دیتا ہوں۔۔۔۔

(تالیاں)

جناب بشیر احمد بلور: میں ان کا مشکور ہوں اور انشاءاللہ یہ امن قائم ہو گا۔

جناب سپیکر: خلیل عباس صاحب۔

*552_جناب خلیل عباس خان: کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف): آیا یہ درست ہے کہ اقوام متحدہ کے پروگراموں میں مختلف منصوبوں کی شکل میں زیادہ رقم کا وعدہ کیا گیا تھا;

(ب): آیا یہ بھی درست ہے کہ (ODCCP)نے امن وامان کے سیکٹر میں اس منصوبے کے لئے جس کا نام Measure to strengthen law enforcement efforts to combat Drug-trafficking organized crime and terrorism in Pakistan" ہے، 12ملین ڈالر کا وعدہ کیا تھا۔;

(ج): آیا یہ بھی درست ہے کہ (UNESCO)نے Culture of peace and tolerance سیکٹر میں 3.3ملین ڈالر کی رقم کی منصوبے جس کا نام "building a culture of peace" ہے۔کے لئے دینے کاوعدہ کیا تھا;

(د): آیا یہ بھی درست ہے کہ (UNESCO)نے Culture of peace and tolerance سیکٹر کے منصوبے جس کا نام "Culture Heritage and tourism" ہے، کے لئے 4.95ملین ڈالر دینے کاوعدہ کیا تھا;

(ہ): آیا یہ بھی درست ہے کہ UNDPنے Disaster Management سیکٹر کے منصوبے کے لئے جس کا نام "National Disaster Management Plan" ہے، 4.8ملین ڈالر کی رقم دینے کا وعدہ کیا تھا۔;

(و): آیا یہ بھی درست ہے کہ UNDPنے Disaster Management سیکٹر کے لئے منصوبے جس کا نام " Mass awareness programme for Water Resources conservation and Development" ہے، کے لئے 2ملین ڈالر دینے کاوعدہ کیا تھا;

(ز): اگر(الف)تا(و)کے جوابات اثبات میں ہوں۔تو

I۔اب تک مذکورہ تمام منصوبوں کی کیا حیثیت ہے اور ہر ایک منصوبے پر کتنا کام ہو چکا ہے;

II۔مذکورہ منصوبوں میں رقم کے لحاظ سے صوبہ سرحد کو کل کتنا حصہ ملا;

III۔ صوبہ سرحد کے کون سے علاقے یا اضلاع مذکورہ منصوبوں کے لئے مختص کئے گئے ہیں اور کن وجوہات کی بناء پر، ہر ایک جز کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سراج الحق (سینئیر وزیر): (الف): تفصیل معلوم نہیں ہے۔ صوبائی حکومت کو تاحال کوئی ہدایت موصول نہیں ہوئی ہیں۔ وفاقی وزارت کھیل و سیاحت اور EAD (اکنامک افئیر ڈویژن) سے بھی معلوم کیا گیا مگر اس ضمن میں کوئی معلومات فراہم نہیں کی گئی۔

(ب): تفصیل معلوم نہیں۔ صوبائی حکومت کو تاحال کوئی ہدایت موصول نہیں ہوئی ہیں۔ وفاقی وزارت کھیل و سیاحت اور EAD (اکنامل آفئیر ڈویژن) سے بھی معلوم کیا گیا مگر اس ضمن میں کوئی معلومات فراہم نہیں کی گئیں۔

(ج): جواباً عرض ہے کہ UNESCO بزعم خود ترقیاتی منصوبوں کی مالی امداد فراہم نہیں کرتی البتہ وہ اپنے مخصوص شعبوں میں تکنیکی مشاورت کے ذریعے تجزیاتی رپورٹوں کے ذریعے مخصوص شعبوں کی نشاندہی فراہم کر کے عالمی مالیاتی اداروں کو مالی امداد کی فراہمی کے لئے سفارش مہیا کرتی ہے۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ مذکورہ منصوبہ و شعبہ براہ راست صوبائی حکومت کے زیر نظر یا زیر اثر نہیں رہا، لہذا امکان ہے کہ مذکورہ منصوبہ کے لئے کوئی جامع مشاورتی رپورٹ تیار کی گئی ہو لیکن صوبائی حکومت یا محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات سے باقاعدہ اس کے بارے میں تفصیلی مشاورت یا رائے نہیں لی گئی۔

(د): جواباً عرض ہے کہ UNESCO نے حال ہی میں گزشتہ مہینوں میں ایک جامع تجزیاتی رپورٹ اپنے Consultants کے ذریعے تیار کی ہے۔ جس کا عنوان "Cultural Heritage and Tourism" ہے اور اس میں لاہور اور پشاور کی بابت خصوصی منصوبوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ مذکورہ مراحل میں صوبائی حکومت کے محکمہ آثار قدیمہ کے ماہرین سے بھی مشاورت کی حد تک مدد حاصل کی گئی ہے اور خصوصاً گندھارا تہذیب اور پشاور کے تاریخی اثاث کی تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ مذکورہ رپورٹ محکمہ آثار قدیمہ میں تجزیہ کے لئے موجود ہے۔ تاہم UNESCO نے عندیہ دیا ہے کہ وہ مذکورہ رپورٹ اور اس میں دیئے گئے منصوبوں کی تفصیل عالمی مالیاتی اداروں کے سامنے اس کی افادیت کی روشنی میں مالی و

تکنیکی امداد کے لئے رکھے گی۔ مزید برآں رپورٹ کی تیاری پر UNESCO کے انفرادی اخراجات اور Consultant سے صوبائی حکومت کا براہ راست کوئی تعلق نہیں ہے۔

(ہ): i۔ یہ منصوبہ وفاقی حکومت کے زیر غور ہے اور اس سلسلے میں خلاصہ منظوری کے لئے وفاقی کابینہ کو بھیج دیا گیا ہے۔

ii۔ اس منصوبے میں رقم کے تعین کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا ہے۔

iii۔ یہ منصوبہ پورے ملک پر محیط ہوگا۔ اور اس منصوبے کی کل لاگت 15.5 ملین امریکی ڈالر ہوگی۔ UNDP اس منصوبے کو 2.5 ملین امریکی ڈالر دینے پر راضی ہے جبکہ باقی ماندہ رقم دوسرے دلچسپی رکھنے والے بیرونی (Donors) کے ذریعے مہیا کی جائے گی۔

(و): جی ہاں اس منصوبے کو UNDP بذریعہ Pakistan Council for Research and Water Resources شروع کرے گی۔ صوبائی حکومت کو اس بارے میں ابھی تک سرکاری طور پر تفصیل فراہم نہیں کی گئی ہے۔ UNDP سے معلوم ہوا ہے کہ اس منصوبے کی کل لاگت 4 ملین ڈالر ہے جس میں UNDP 2.5 ملین ڈالر فراہم کرے گی۔

(ز): چونکہ مذکورہ بالا جزئیات کے جواب اثبات میں نہیں ہیں۔ لہذا فی الوقت مطلوبہ معلومات فراہم نہیں کی جاسکتی ہیں۔ تاہم اگر معزز رکن صوبائی اسمبلی مزید تفصیلات فراہم کریں تو مطلوبہ معلومات حاصل کر کے آئندہ اجلاسوں میں پیش کی جاسکتی ہیں۔

جناب خلیل عباس خان: شکریہ، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! کہ تاسو دے سوال ته لږ په غور سره اوګورئ۔

جناب سپیکر: جی۔ خلیل عباس خان صاحب۔

جناب خلیل عباس خان: سپیکر صاحب! کہ تاسو د دې سوال شق"ب" ته اوګورئ جی، "آیا یہ بھی درست ہے ODCCP نے امن وامان کے سیکٹر میں اس منصوبے کے لئے جس کا نام Measure to strengthen law enforcement efforts to combat drug forfeiting organized crime and terrorism in Pakistan- کے لئے بارہ ملین ڈالر کا وعدہ کیا تھا"۔ دا سوال دے جی او د دې جواب راکوی چې "تفصیل معلوم نہیں۔ صوبائی

حکومت کوتاحال کوئی ہدایت موصول نہیں ہوئی۔ وفاقی وزارت کھیل وسیاحت اور اکنامک آفئیرز ڈویژن سے معلوم کیا گیا ہے کہ اس ضمن میں کوئی معلومات فراہم نہیں کی گئیں۔" سوال خو جی که تاسو اوګورئی د یو نوعیت دے او دوئ تپوس کوئی د وزارت کهیل وسیاحت نه جی نو د دې جواب به څه راځی؟ دا خو ډیره د افسوس خبره ده جی۔ دغه شانتے چې کوم یو هم ما تپوس کړے دے، هغه کښې "کچھ معلوم نہیں"۔سپیکر صاحب، دا داسې یو پیسے چې مونږ څه هم په مفته کښې ملاؤ شوې دی خو افسوس دا دے او دا ټول دا ما چې کوم دا څلور پینځه څیزونه جی بیان کړے دی۔ Culture of peace and tolerance, building a culture of peace, Culture دا جی، heritage and tourism دا دے د پینځه شپږو مدونو کښې باقاعده یونیسکو، UNDPپیسے ورکړے دی جی۔ داد Donors committed money ده جی۔ د دې د شروع کیدو ټائم هم تیر شوې دے جی۔ د اکثرو Completion 2004جون او 2005جون دے او که د دې تفصیل صحیح طریقے سره ماته ملاؤ شوې وے دا به تاسو ته پته لګیدلے وه چې دا کوم Donors committed moneyپرته ده او د دې Utilizationتر اوسه پورے، نه چا د دې پی سی ون تیار کړے، نه پکښې څه نور څه کارروائی شوې ده جی۔

جناب امیر زادہ: سپیکر صاحب!زما هم پکښې دوه ضمنی سوالونه دی۔

جناب سپیکر: جی،امیر زادہ خان صاحب۔

جناب امیر زادہ: یو خوخلیل عباس صاحب د مونږ ته دا Sourceاوښائی ځکه چې دے څومره سوالونه کوی نو زمونږه محکمے ته د هغې علم نه وی او دویمه دا چې دا کلچر۔۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب خلیل عباس خان: Sourceد اوښائی، د څه څیز Sourceجی؟

جناب امیر زادہ: دا انفارمیشن تاسو کوم ځائے نه Collectکوئی او په دے څومره سوالونه دوئ کړے دی تر اوسه پورے زمونږ محکمے ته د هغې معلومات ورکړی۔

جناب سپیکر: جی سراج الحق صاحب۔

جناب امیر زادہ: بنه جی زما دویم سوال دے۔

جناب سپیکر: سپلیمنټری که کوے نو سپلیمنټری اوکړه۔

جناب امیر زادہ: دویم ضمنی سوال دے جی۔په دے کښې دے زه اتفاقاً یو کلچرل سیمینار وو tourism and cultural heritage باندې، په هغې کښې زمونږ د صوبے د وزارت ثقافت یا د ټورازم هیڅ نمائندګی نه وه او هلته معلومه ده چې د صوبه سرحد Image داسې بنائی چې Foreigners یا Donors یا دهغوې په ذهن کښې یو غلط تصویر جوړیږی، هم دغه سلسله کښې لږ وضاحت د اوکړی شی۔

جناب خلیل عباس خان: سپیکر صاحب! د دېتاسو شق نمبر(و)اوګورئی جی۔Disaster management دا سیکټر دے جی او بیا هغې کښې -Sub sector دے Mass awareness programmed for water resources conservation and development."

جی، دا هم د UNDP پراجیکټ دے جی۔ جواب کښې وائی(و) "جی ہاں اس منصوبے کو UNDP بذریعہ Pakistan council for research and water resources شروع کرے گی۔ صوبائی حکومت کو اس بارے میں ابھی تک سرکاری طور پر تفصیل فراہم نہیں کی گئی۔ UNDP سے معلوم ہوا ہے کہ اس منصوبے کی کل لاگت چار ملین ڈالر ہے جس میں UNDP, 2.5 ملین ڈالر فراہم کرے گی۔" سپیکر صاحب،دا نه loan دے ، نه دا نور څه دی، دا یو ګرانټ دے ، د مفتو پیسے دی جی او دا مونږه استعمالولے نه شو او زمونږ صوبه کښې جی څومره ځایونه دی چې چرته کښې د اوبو شدید قلت دے ، چرته کښې زمونږ د پاره د څښلو اوبه نشته۔ دا مونږه ته چې کوم خیرات ملاویږی او دا بالکل خیرات دے جی۔ او چې مونږه دا خیرات هم نه شو استعمالولے نو دا خو ډیره لویه کمزوری ده۔

جناب سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

سینیئر وزیر: جناب سپیکر صاحب! زیادتی ہوگی اگر میں خلیل عباس صاحب کو ان کے کوئسچن پر داد نہ دوں اور آپ کو یاد ہوگا آج سے ساڑھے تین چار مہینے قبل بھی انہوں نے اسی طرح کا ایک سوال کیا تھا اور یہ معلومات اور معاملات میں دلچسپی ہے۔ میں اس کی تائید کرتا ہوں اور داد دیتا ہوں۔ جہاں تک مذکورہ رقم کا مسئلہ ہے تو آپ کو معلوم ہے کہ باہر کے جو Donors ہوتے ہیں، ان کے معاہدات مرکز سے ہوتے ہیں اور صوبائی حکومت کے ساتھ یا علاقائی حکومت ان کے ساتھ کوئی Direct deal نہیں کرتی اور جب مرکزی حکومت کوئی معاہدہ کر لیتی ہے تو اس کے بعد صوبے کے ساتھ رابطہ رکھا جاتا ہے۔ اگر صوبہ Agree ہو تو اس پر کام شروع ہو جاتا ہے۔ ہمارا مسئلہ یہ ہوتا ہے کہ جہاں سے کوئی پیسہ ملتا ہے تو ہم Agree کرتے ہیں حالانکہ اس پر ایسا کوئی بڑا سود وغیرہ نہ ہو جو ہماری برداشت سے باہر ہو اور ویسے بھی ہم اس کی حوصلہ شکنی بھی کرتے ہیں اور زیادہ توجہ اس چیز پر ہے کہ جس کو انہوں نے خیرات یا گرانٹ کہا، وہ جہاں سے بھی مل جاتا ہے ہماری کوشش یہی ہوتی ہے۔ لیکن 'Economic affairs' پاکستان کا مرکزی ادارہ ہے اور صوبوں کے جتنے معاملات معاشیات اور اقتصادیات کے حوالے سے، یا حساب کتاب کے حوالے سے ہوتے ہیں، وہ ان کے علم میں ہوتے ہیں۔ ہمارے ڈیپارٹمنٹ نے ان کے ساتھ رابطہ کیا، اور یہ جو چیز ان کے علم میں لائے ہیں، یہ نہیں تھا کہ اس میں صوبہ سرحد کو، باقی جو پراجیکٹس ہیں وہ ان کی کتابوں اور فائیلز میں موجود ہیں۔ سیاحت اور پشاور کے حوالے سے بھی ہیں۔ لیکن اس پر انہوں نے ابھی تک عملی کارروائی شروع نہیں کی ہے۔ ایک خاکہ سا بنا ہوا ہے بہر حال انہوں نے ایک بار پھر توجہ دلائی اور ہم مزید اس پر کام کریں گے اور اس میں صوبے کا فائدہ ہے جہاں سے بھی مل جائے تو اس پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

جناب خلیل عباس خان: جناب سپیکر صاحب! زما دا گزارش دے جی چې سراج الحق بالکل بجا اووائیل چې دا د وفاقی حکومت مسئله ده خو ما چې د کومو کومو Projects identification کړے دے نو په دیکښې باقاعده د صوبه سرحد Allocation شامل دی۔ زما سره ئے تفصیل موجود دے، زه به سراج الحق صاحب ته هغه ورکړمه جی۔ په دغه کښې د صوبه سرحد بیل بیل Allocation موجود دے۔ دا چې کوم سیکټرز دی۔ " Measures to strengthen law" Enforcement انو دا سیکټر د ټول پاکستان د پاره دے، په دے کښې effort to combat Drug Traffic دا سب سیکټر دے او په دے سب سیکټر کښې

صوبه سرحد ته باقاعده خپلے پیسے مختص شوي دي او بل جي په دے جوابونو کښې اوګورئی ،خبره د Enforcement of Drug Traffic ده او جواب دوئ د وزارت کهیل و ثقافت نه، نو هغوي به څه جواب ورکړي؟ په دیکښې دغه شان چې څنګه Disaster Managementته دغے کښې صوبه سرحد ته هغوي په خیال جواب کښې هم وائی Disaster Management "Mass awareness programme for water resources conservation Developmentپه دے کښې جي ډیپارټمنټ دا وائي چې 2.5ملینUNDP مختص کړي دي او بل زما دے ورور په جواب کښې چې دا انفارمیشن زه د چرته نه را اوړمه. نو چونکه زما حلقه بارانی ده، زما په حلقه کښې د اوبو ډیر تکلیف دے جي نو زه هر ځائے ځمه او زه کوشش کومه چې د چرته نه زه څه پیسے رااوړمه او د چرته نه زه څه سکیم دغه کولے شمه چې په خپلے حلقه کښې زه کار اوکړمه. دا د UNDPاو د UNHCRاو د UNESCOنه ما دا انفارمیشن اغستې دي جي.

جناب سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

سینئر وزیر: جناب سپیکر! میں پھر بھی یہی عرض کرونگا کہ مرکز میں بہت بڑے منصوبے ہیں جن میں بلوچستان کے لئے بھی رقم مختص کی گئی ہے،اس صوبے کے لئے بھی رقم مختص کی گئی ہے اور ہمارا جو فنانس کا شعبہ ہے،اس کا ان کے ساتھ مسلسل رابطہ ہے، وہ مانگتے بھی ہیں اور Letters بھی بھیجتے ہیں۔ لیکن اصل چیز تو وہی ہے جو ہماری جیب میں آجائے یا ہمارے صوبے کے حوالے کی جائے۔

جناب خلیل عباس خان: آپ Provincial Facilitatorکے ساتھ یہ مسئلہ Take upکریں،آپ کو تمام جواب مل جائیگا۔

جناب سپیکر: Nextسوال نمبر 553 منجانب خلیل عباس خان صاحب، رکن صوبائی اسمبلی۔

*553_ جناب خلیل عباس خان: کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :۔

(الف) آیا یہ درست ہے کہ (UNDP/UNHCR) نے بحالی آبادکاری سیکٹر سے متعلق ایک پراجیکٹ موصوم بہ Rehabilitation of Refugees Hosting Areas in Baluchistan & NWFPکے لئے مبلغ چالیس ملین امریکی ڈالرز کی رقم فراہم کی گئی ہے;

(ب) آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ پراجیکٹ میں صوبہ سرحد کے صرف ضلع ہری پور، ہنگو اور پشاور کے دیہی علاقے شامل ہیں؛

(ج) آیا یہ درست ہے کہ متعلقہ مذکورہ منصوبہ جنوری 2003 میں شروع اور جنوری 2005 میں ختم ہونے کی تجویز تھی؛

(د) آیا یہ درست ہے کہ متعلقہ ایجنسی/ادارہ کی جانب سے 40 ملین کی رقم منظور ہوئی ہے اور سردست دستیاب ہے؛

(ہ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) آیا مذکورہ پراجیکٹ پر کام شروع ہوا ہے۔ اگر نہیں تو کیوں؛

(ii) مذکورہ پراجیکٹ میں صرف تین اضلاع کو کیوں شامل کیا گیا، نیز ضلع نوشہرہ کو کیوں نظر انداز کیا گیا۔ جبکہ مہاجرین کے بڑے کیمپ جلوزئی، اضاخیل اور اکوڑہ خٹک نوشہرہ ہی میں موجود ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب سراج الحق: (سینیئر وزیر): (الف) جی ہاں 1200 ملین روپے کا وعدہ کیا گیا ہے۔

(ب) اسکا کوئی اصولی فیصلہ فی الوقت موجود نہیں ہے۔

(ج) پراجیکٹ تیاری کے مراحل میں ہے، تفصیل معلوم نہیں۔

(د) متعلقہ محکمہ خزانہ جواب دے سکتا ہے۔

(ہ) (i) ابھی تک کام شروع نہیں ہوا کیونکہ PC-I تیار نہیں ہے اور تیاری کے بعد منظوری کے مراحل سے گزرے گا۔

(ii) فی الوقت کوئی تفصیل موجود نہیں۔ کہ تین اضلاع ہیں یا زیادہ۔

جناب خلیل عباس خان: جناب سپیکر صاحب! دا زما سوال دے دا هم د UNDP او UNHCR پیسے دی جی، Rehabilitation of Afghan Refugees ا د دې سب سیکټر Hosting Areas in Baluchistan and NWFP د دې، سپیکر صاحب، لږ به زه تاسو ته منظر درکړمه جی۔ دا چې UNHCR/United Nations Development Programmes for Pakistan چې په کومو علاقو کښې چې دا

Afghan Refugees Campsوو، د هغې د پاره ئے څه پیسے مختص کړے وی۔ او هغه پیسے چالیس ملین امریکن ډالرز چې په دے کښې نیمے پیسے د بلوچستان د پاره 20Million dollarsوے او 20 Million Dollarsد NWFPد پاره وو۔ دا پیسے بالکل راغلې دی۔ په دے باندې کار هم کیږی لګیا دے او Paper workجی او د غه پیسے په صوبه سرحد کښې صرف د دریو ضلعو د پاره مختص شوې دی او هغه ضلع دی هری پور، پشاور رورل او هنګو، د دې دریو ضلعو د پاره دی نو زما دا سوال دے چې آیا د افغان مهاجرینو دا بوجه صرف دے دریو ضلعو برداشت کړے وو، صرف هری پور برداشت کړے وو۔ یا صرف پیښور برداشت کړے وو۔ او یا صرف هنګو برداشت کړے وو؟ په دے کښې خو بونیر هم وو۔ چې کوم Foreign delegationsراغلې وو نو د ټولو نه وړومبے ئے د جلوزو کیمپ ته راوستے دے، اضاخیل کیمپ ته ئے راوستے دے او د اکوړی کیمپ ته ئے راوستے دے۔ نو زما سراج الحق صاحب د دا لړ وضاحت اوکړی چې کوم فیډرل ډیپارټمنټ دے نو UNDPوالو سره د دا Take upکړی۔ په دے دریو ضلعو باندې کار کیږی نو دا پیسے به صرف دے دریو ضلعو ته ملاویږی؟ نو زما دا استدعا ده چې 20 Million U.S Dollarsډیره لویه پیسه ده جی۔

<u>جناب سپیکر: جمشید خان صاحب۔</u>

<u>جناب خلیل عباس خان:</u> او چې کومو کومو ضلعو کښې دا افغان ریفیوجیز دی چې هغوې ټولو ته دا پیسے ملاؤ شی۔

<u>جناب جمشید خان:</u> شکریه جناب سپیکر۔ دے خلیل عباس خان یوه ډیره اهمه نکته راویستے ده جی۔ د 1983نه بونیر د افغان مهاجرینو ورونړو دا بوجه برداشت کوی او تراوسه پورے هیڅ کار هم د هغوې د راتلو په وجه باندې چې کوم Foreign Aid Projectsراغی او یا نور څه راغی نو هیڅ هم نه دی شوې۔ نو زما به دا درخواست وی چې خواه مخواه په څه دغه کښې خو شامل شی۔ څنګلے زمونږه ختم شوې، دامن وامان مسئله د هغې نه جوړه ده او نورے ډیرے مسئلے دی چې په دغے کښې مونږه مخ یو نو پکار داده چې کوم Foreign aidراشی نو چې په هغې کښې خواه مخواه مونږه ته حصه ملاؤ شی۔

جناب شاہ راز خان: جناب سپیکر صاحب! زما هم دا گزارش دے چې د دې ټولے صوبے نه افغان مهاجرین روان دی خو په ملاکنډ کښې اوس هم افغان مهاجرین شته او هلته کښې د اوبو خشک سالی هم ده۔ لکه هلته کښې اوبه هم نشته او خلقو کښې د اوبو په سلسله کښې هجرتونه هم کړی دی نو زما دا ریکویسټ دے چې دے د پاره د څه کمیټی جوړه کړے شی چې هغه لړ د دې څیز جائزه واخلی چې د کومو ضلعو حق جوړیږی نو پکار دا ده چې هغه ضلع پکښې شامل کړی او زما Submission دا دے چې ملاکنډ هم په دیکښې شاملول پکار دی۔

جناب نادر شاہ: سپیکر صاحب! چونکه په مردان کښې هم افغان مهاجرین شته او په جلاله کښې هم یو ډیر لوئے غټ کیمپ دے او زمونږه هم د منسټر صاحب نه دا درخواوست دے چې مردان د هم په دیکښې شامل کړے شی۔

جناب سپیکر: زما په خیال خلیل عباس په تفصیل سره خبره کړیده او سراج الحق صاحب به درته جواب درکړی۔

جناب خالد وقار ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب! زما دا عرض دے چې پشاور NWFP Capital دے او په دے باندې هر لحاظ سره بوجه زیات دے او مونږه د خلیل عباس صاحب د دې خبرې حمایت کوؤچې نورو ضلعو ته د هم ورکړے شی خو د پشاور، هنگو او د دې بلے ضلعے نه د دا فنډ نه کټ کیږی دوئ ته د هم دا مختص کړی او هغوې ته د نور اضافی فنډ منظور کړی هغه د ورله ورکړی۔ مونږه د دې خبرې حمایت کوؤ۔

جناب سپیکر: ٹھیک ده۔ مولانا جهانگیر خان صاحب۔

مولانا جہانگیر خان: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ چترال انتہائی پسماندہ علاقہ ہے۔اور بحرحال چترال بھی افغان مہاجرین سے متاثر ہے لہذا چترال کو بھی اس میں شامل کیا جائے۔

جناب سپیکر: جی، مختیار علی خان۔

جناب مختیار علی: سپیکر صاحب! د دې بونیر سره دے صوابئی هم په دے کښې شامل کړے شی ځکه چې په صوابئی کښې هم ډیر زیات افغان مهاجرین او د هغه ځائے زمکے ډیرے شاړے کړی دی۔

جناب امانت شاہ: مردان د هم پکښې شامل کړے شی۔

جناب سپیکر: چې کوم ځائے متاثره وی، یوازے بونیر نه خو چې کوم ځائے متاثره دی نو سراج الحق د دوئ دا استدعا ده چې دا ټولے علاقے د یکښې هم شامل کړے شی۔

جناب امانت شاہ: زمونږ سره په خوا کښې باغیچې ډهیری ده چې دا ترے هیره نه شی او دا د هم پکښې شامل کړے شی۔

جناب سپیکر: جناب سراج الحق صاحب، جناب سراج الحق صاحب۔

جناب محمد ارشد خان: جناب سپیکر صاحب! شبقدر او چارسده هم انتهائی متاثره شوې دی۔ نو دغه هم پکښې شاملول پکار دی۔

جناب سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

سینیئر وزیر: جناب سپیکر صاحب! ہم نے تمام نام نوٹ کئے ہیں اور اسمبلی ریکارڈ پر بھی آ گئے ہیں، مانسہرہ بھی ہے، آئندہ کے لئے اگر اس طرح کا کوئی فنڈ آتا ہے تو ان پر تمام علاقوں کو مد نظر رکھا جائے گا۔ لیکن کچھ ایسے فیصلے ہیں جو بہت پہلے ہو چکے ہیں اور ہماری حکومت کے آنے سے پہلے یہاں پر Delegates آئے اور انہوں نے یہ Decisions لئے ہوئے ہیں۔

(قطع کلامی)

جناب خلیل عباس خان: جناب سپیکر صاحب! لږ جی، دا سراج الحق صاحب د دې هم جواب راکړی۔ د سراج الحق د مدد د پاره دا خبره کومه چې جواب راغلې دے چې "آیا یہ درست ہے کہ مذکورہ پراجیکٹ میں صوبہ سرحد کے صرف تین اضلاع شامل کئے گئے ہیں" نو جواب راغلې دے چې " اس کا کوئی اصولی فیصلہ فی الوقت موجود نہیں" ما دا خبره د سراج الحق صاحب د مدد دپاره اوکړله حالانکه سراج الحق صاحب که دا مسئله تاسو د UNDP والو سره Take up کړه نو هغوی په خپل طور باندې لګیا دی دغه کوی۔ زما د دې سوال اسمبلئ ته راوړلو صرف او صرف مقصد دا وو چې د دې دریو ضلعو نه علاوه نورے ټولے ضلعے هم متاثره شوې دی او په دے

پیسو باندې هغوې Infrastructureبحال کوی نو تاسو به د هغوې سره دا مسئله Take up کړئی نو ان شا ء اللّٰه تعالی حل به شی۔

جناب سپیکر: سوال نمبر 554، خلیل عباس خان، رکن صوبائی اسمبلی۔

*554_ جناب خلیل عباس خان: کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ سرحد میں بارانی پراجیکٹ میں صرف ڈسٹرکٹ کوہستان، مانسہرہ، ہری پور، کرک، کوہاٹ، لکی، بنوں، اورکزئی اور ایبٹ آباد شامل ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پراجیکٹ پر کام حال ہی میں شروع ہو چکا ہے اور تخمینہ لاگت 6069.300 ملین روپے ہے؛

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ڈسٹرکٹ نوشہرہ کو کیوں نظر انداز کیا گیا، آیا مذکورہ ڈسٹرکٹ بارانی ایریا میں شامل نہیں؟ وضاحت کی جائے۔

سینیئر وزیر: (الف) اس پراجیکٹ میں صوبہ سرحد کے مندرجہ ذیل 10 اضلاع اور ایک ایجنسی یعنی کوہاٹ، کرک، بنوں، لکی مروت، ایبٹ آباد، ہری پور، مانسہرہ، بٹگرام کوہستان، اورکزئی ایجنسی شامل ہیں۔

(ب) ہاں یہ درست ہے۔

(ج) حکومت کے پالیسی فیصلے کے مطابق منصوبے کا پی۔سی۔I نو مہینے کے تفصیلی جائزہ رپورٹ Feasibility Report صوبائی ذیلی سرکاری اداروں کے مشوروں کے بعد تیار ہوا۔ اور منصوبے کے دستاویزات بالائی سطح پر صوبائی، وفاقی حکومتوں اور امداد فراہم کرنے والے اداروں سے منظور ہوا۔ حکومت اور امداد فراہم کرنے والے ادارے قرضے کے معاہدے پر دستخط کر چکے ہیں۔ منصوبے میں اس وقت مندرجہ بالا اضلاع کے لئے منصوبہ بندی کی گئی تھی۔ کسی مناسب وقت پر امدادی اداروں کے باہمی مشاورت سے صوبہ سرحد کے دیگر بارانی علاقوں بشمول ضلع نوشہرہ پر بات کی جائیگی۔

جناب خلیل عباس خان: سپیکر صاحب زما دا سوال د بارانی پراجیکټ په باره کښې دے۔ زما دا سوال وو چې آیا یہ درست ہے کہ صوبہ سرحد میں بارانی پراجیکٹ میں صرف ڈسٹرکٹ کوہستان، مانسہرہ، ہری پور، کرک، کوہاٹ، لکی، بنوں، اورکزئی اور ایبٹ آباد شامل ہیں۔ نو جواب ماته دا راکړے شو چې نه په دے کښې دس 10 ضلعے شامل دی جی۔ نو

که بیا تاسو اوګورئی دے که ما دا تپوس کړے دے۔ چې 6069.300 million rupees پراجیکټ دے۔ نو جواب ئے راغلې دے چې "جی هاں" بیا جی زما سوال دا وو چې یره په دے کښې نوښار ولے شامل نه دے۔ ماته په جواب کښې دا سې وائی چې "حکومت کی پالیسی کے مطابق پی سی ون(PC-1) 9 مہینے کی تفصیلی جائزہ رپورٹ صوبائی ذیلی سرکاری اداروں کے مشوروں کے بعد تیار ہوئی۔ اور منصوبے کی دستاویزات بالائی سطح پر صوبائی، وفاقی حکومتوں اور امداد فراہم کرنے والے اداروں سے منظور ہوئی ہیں۔اور حکومت اور امداد فراہم کرنے والے ادارے قرضوں کے معاہدوں پر دستخط کر چکے ہیں۔ منصوبے میں اس وقت مندرجہ بالا اضلاع کے لیے منصوبہ بندی کی گئی تھی۔ کسی مناسب وقت پر امدادی اداروں کی باھمی مشاورت سے صوبہ سرحد کے دیگر بالائی علاقوں بشمول ضلع نوشہرہ پر بات کی جائے گی، جناب سپیکر صاحب، زما نوښار ضلع چې ده نو هغه 65% بارانی ده۔ او 65% هغه ضلع بارانی ده اوکه نوښار ضلع که تاسو اوګورئی نو هغه د مون سون د Range نه بهر ده د نوښار نه دیخوا په پیښور باندې په مون سون کښې هم بارانونه نه کیږی، ډیر کم کیږی۔ د نوښار که تاسو د کال Rainfall اوګورئی نو هغه ایبټ آباد نه، مانسهرے نه، بټګرام نه، د کوهستان نه، د بنوں نه نو د دې ضلعو نه به ډیر کم وی، او چې په جواب کښې دا وائی چې پی سی ون تیار شوې دے نو آخر دغه PC-1 هم دغه محکمو تیار کړیدے کنه جی، او په دے دومره لوئے Amount یعنی 6069 ملین روپو کښې زمونږ هغه نشته۔ چې اوس نشته دے نو بیا به کله وی جی؟

<u>جناب سپیکر:</u> میاں نثار ګل صاحب!

<u>میاں نثار گل:</u> زما جی په دے کښې یو ضمنی سوال دے۔شکریه جناب صاحب۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب کاشف اعظم:</u> جبل صاحب وائی هلته کښې د الله رحمت پرے هم نه وریږی په نوښار، او حکومت هم ورسره زیاتے کوی نو مردان ته دے کډه راوړی۔۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> میاں نثار گل صاحب!

